نیو ایرا پبلک اسکول راجباغ سرینگر (صفحہ ۱)

ٹرم دوم ۲۰۲۱ء "حل کردہ ایسائنمنٹ" اُردو اے۔ بی

عنوان:- چور کی داڑھی میں تنکا جماعت:- سوّم

سبق نمبر:- ۱۶

سوال ۱ الفاظ/معنی آپکی اُردو کتاب کے صفحہ ۹۰ اور ۹۱ پر دیئے گئے ہیں۔ اُنہیں اپنی کاپی پر قلم بند کیجئے۔

## "تحریری سوالات"

سوال ۱ بادشاہ نے کیوں حکم دیا "کچھ بھی ہو چور کو گرفتار کیا جائے"۔

جواب بادشاہ نے اسلئے حکم دیا کہ کچھ بھی ہو چور کو گرفتار کیا جائے کیونکہ بادشاہ سے ملکہ کی پریشانی دیکھی نہیں گئی۔

سوال ۲ بہت تلاش کرنے کے بعد جب سپاہی واپس آئے تو انہوں نے بادشاہ سے کیا کہا؟

جواب بہت تلاش کرنے کے بعد جب سپاہی واپس آئے تو انہوں نے بادشاہ سے کہا کہ جہاں پناہ! ہم نے ہر طرف اور ہر طریقے سے چور کو کھوج نکالنے کی کوشش کی لیکن کوئی اتا پتا نہ چلا۔

سوال ۳ وزیر نے بادشاہ سے کیا کہا؟

جواب وزیر نے بادشاہ سے کہا کہ جہاں پناہ! اگر ملکہ جہاں دربار میں تشریف لائیں تو میں ان سے ایک سوال کرکے کوئی تجویز پیش کر سکوں گا۔

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۲)

سوال۴ وزیر نے ملکہ سے کیا سوال کیا؟
جواب وزیر نے ملکہ سے یہ سوال کیا کہ کیا آپکو کسی پر چوری کا شک ہے۔

سوال۵ ملکہ نے وزیر کو کیا جواب دیا؟
جواب ملکہ نے وزیر کو یہ کہا کہ یوں تو مجھے اپنے تین ذاتی خدمت گاروں پر شک ہے لیکن میں وثوق سے نہیں کہہ سکتی۔

سوال۶ وزیر نے تین خدمت گاروں کو آخری سوال کیا پوچھا
جواب وزیر نے تین خدمت گاروں کو آخری سوال یہ پوچھا کہ کیا تم لوگوں کو چور کا کچھ اتا پتا ہے۔

سوال۷ وزیر کو کیسے پتا چلا کہ چور کون ہے؟
جواب وزیر نے ایک ترکیب سوچی اور تین خدمت گاروں کو یہ بتا دیا کہ جس نے چوری کی ہے اس کی داڑھی میں تنکا ہے۔ جس شخص نے چوری کی تھی اس نے فوراً تنکا ہٹانے کے لیے اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرا۔ حالانکہ اس کی داڑھی پر کوئی تنکا نہیں تھا۔ بلکہ یہ محض ایک ترکیب تھی جس سے وزیر کو چور کا پتا چلا۔

سوال۸ چور کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟
جواب چور سے سارا سامان برآمد کیا گیا اور قید کی سزا سنائی گئی۔

سوال۲ ذیل میں دیئے گئے وذکر اسموں کی مونث لکھیئے۔
(On Pg no. 92)

| | مذکر | مونث | | مذکر | مونث (صفحہ ۳) |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | چور | چورنی | ۶ | کتا | کتیا |
| ۲ | راجا | رانی | ۷ | اونٹ | اونٹنی |
| ۳ | شیر | شیرنی | ۸ | چوہا | چوہیا |
| ۴ | بندر | بندریا | ۹ | جادوگر | جادوگرنی |
| ۵ | ہاتھی | ہتھنی | | | |

سوال۳ ذیل میں دیئے گئے جملوں میں صحیح ہونے کی صورت میں (✓) اور غلط ہونے کی صورت میں (x) کا نشان لگائیے۔ (On Pg no. 92)

۱ ✓ ۲ X ۳ ✓ ۴ X ۵ ✓ ۶ X

سوال۴ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے: (On Pg no. 93)

۱ ہار بھی تھا ✓ ۲ عقل مند ✓ ۳ نہیں تھا ✓

---

عنوان :- مجبور

سبق نمبر ۱۷

سوال۱ الفاظ/معنی آپکی اُردو کتاب کے صفحہ ۹۵ پر دیئے گئے ہیں۔ انہیں اپنی کاپی پر قلم بند کیجئے۔

## "تحریری سوالات"

سوال۱ مجبور کا اصلی نام کیا تھا؟

جواب مجبور کا اصلی نام پیرزادہ غلام احمد تھا۔

سوال۲ آپ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب آپ پلوامہ کے ایک گاؤں وتری گام میں پیدا ہوئے۔

سوال۳ آپ نے کس کس زبان میں شاعری کی؟

جواب: آپ نے پہلے اُردو میں شعر کہے بعد میں (صفحہ ۴) کشمیری زبان میں شاعری کی۔

سوال۴: آپ کا مقبرہ کہاں ہے؟

جواب: آپ کا مقبرہ سرینگر کے نزدیک اتھواجن میں موجود ہے۔

سوال۲: ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب نمبر (✓) ٹک کا نشان لگائیے:

(on Pg no. 96)

۱۔ پیرزادہ غلام احمد ✓ ۲۔ شاعری کا ✓

۳۔ پینسٹھ سال ✓ ۴۔ کشمیری میں ✓ ۵۔ اتھواجن سرینگر ✓

سوال۳: تین شاعروں کے نام اور تخلص لکھئے

(on Pg no. 97)

| شاعر کا نام | تخلص |
| --- | --- |
| ۱۔ مرزا اسداللہ خان | غالب |
| ۲۔ میر تقی میر | میر |
| ۳۔ فیض احمد فیض | فیض |

عنوان:- خود غرض دوست

سبق نمبر: ۱۸

سوال۱: الفاظ/معنی آپکی اُردو کتاب کے صفحہ ۱۰۰ پر دیئے گئے ہیں۔ انہیں اپنی کاپی پر قلم بند کیجئے۔

"تحریری سوالات"

سوال۱: اونٹ اور گیدڑ ندی کے اُس پار کیوں جانا چاہتے تھے؟

جواب: اونٹ اور گیدڑ ندی کے اُس پار باغ میں جاکر پھل کھانا چاہتے تھے۔

Scanned with CamScanner

سوال ۲ گیدڑ ندی کے اس پار کیسے پہنچا؟ (صفحہ ۵)

جواب گیدڑ اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھ کر ندی کے اس پار پہنچا۔

سوال ۳ جب گیدڑ کا پیٹ بھرا تو اس نے کیا کیا؟

جواب جب گیدڑ کا پیٹ بھرا تو اس نے چلانا شروع کیا۔

سوال ۴ واپسی پر اونٹ نے بیچ ندی میں کیا کیا؟

جواب بیچ ندی میں پہنچ کر اونٹ پانی میں لوٹنے لگا۔

سوال ۵ گیدڑ کو خود غرضی کا بدلہ کیسے ملا؟

جواب گیدڑ ندی میں گر گیا اور پانی میں بہہ گیا۔ اس طرح گیدڑ کو خود غرضی کا بدلہ ملا۔

سوال ۲ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) ٹک کا نشان لگائیے۔
(On Pg no. 101 and 102)

i. دوستی تھی ✓ ii. باغ میں ✓ iii. ندی ✓

سوال ۳ درج ذیل جملوں کو مناسب ترتیب سے ملا کر لکھیے۔
(On Pg no 102)

| | الف | ب |
|---|---|---|
| ۱ | گائے | دودھ پیتی ہے۔ |
| ۲ | بلی | انڈے دیتی ہے۔ |
| ۳ | مرغی | گھاس کھاتی ہے۔ |
| ۴ | گھوڑا | کپڑے دھوتا ہے۔ |
| ۵ | ڈاکٹر | تیز دوڑتا ہے۔ |
| ۶ | دھوبی | علاج کرتا ہے۔ |

سوال ۴ صحیح عبارت پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیے:
(On Pg no. 102)

۱ ✗ ۲ ✓ ۳ ✓ ۴ ✓

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۶)

عنوان:- اماں، باجی کہتی ہیں

سبق نمبر:- 19

سوال: الفاظ/معنی آپکی اُردو کتاب کے صفحہ ۱۰۵ پر دیئے گئے ہیں۔ انہیں اپنی کاپی پر قلم بند کیجئے۔

"تحریری سوالات"

سوال ۱: باجی کیا کہتی ہیں؟

جواب: باجی کہتی ہیں چاند میں پریاں رہتی ہیں۔

سوال ۲: پریاں رات کو پَر پھیلا کر کیا کرتی ہیں؟

جواب: پریاں رات کو پَر پھیلا کر نیچے اُتر آتی ہیں۔

سوال ۳: نیچے اتر کر وہ کیا کرتی ہیں؟

جواب: نیچے اتر کر وہ بچوں کو سُلاتی ہیں اور خواب دکھاتی ہیں۔

سوال ۴: میں آج کب تک جاگتا رہوں گا؟

جواب: میں آج رات گئے تک جاگتا رہوں گا۔

سوال ۲: خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ (On Pg no.106)

⇐ باجی، میں، رات، آتی، کو، دکھاتی۔

سوال ۳: ذیل میں دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھئے (on Pg no.106)

| | واحد | جمع | | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | کرسی | کرسیاں | ۴ | لڑکی | لڑکیاں |
| ۲ | وردی | وردیاں | ۵ | کاپی | کاپیاں |
| ۳ | ٹوکری | ٹوکریاں | | | |

سوال ۴: دیے گئے سوال کے صحیح جواب پر (✓) لگائیے۔ (on Pg.no106) (and107)

۱۔ چاند میں ☑ ۲۔ شام کو ☑

۳۔ پریوں کو دیکھنے کے لئے ☑

Scanned with CamScanner

سبق نمبر: ۷ اُردو گرامر (صفحہ ۷)

## بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی دوسری قسم
## "اسم مصدر"

سوال: اسم مصدر کسے کہتے ہیں؟

جواب: اسم مصدر وہ اسم ہے جو خود تو کسی کلمہ سے نہ بنے مگر اس سے اور کلمے بن سکیں مثلاً دوڑنا، چلنا وغیرہ۔

سوال ۱: ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:
(On Pg no. 24)

۱. ورزش ۲. سونا ۳. کرنا ۴. نہانا اور پہننا

سوال ۲: بریکٹ میں دیے گئے الفاظ سے لفظ چُن کر خالی ڈبوں کو بھر دیجیے:
(On Pg no. 24)

۱. ناچتی ۲. دوڑتا ۳. اڑتا۔

---

سبق نمبر: ۸ بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی تیسری قسم۔ "اسم مشتق"

سوال: اسم مشتق کسے کہتے ہیں؟

جواب: اسم مشتق وہ اسم ہے جو مصدر سے نکلے جیسے لکھنے والا، پڑھا ہوا وغیرہ

سوال ۱: خالی جگہوں کو اسماء مشتق لگا کر پُر کیجیے۔

۱. پڑھائی ۲. والے ۳. ناچ ۴. لڑکا
(On Pg no. 26)

سوال ۲ کالم الف اور کالم ب میں دیے گئے جملوں (صفحہ ۸) کے ٹکڑوں کو مناسب طور ملائیے۔ (On Pg no. 27)

| | کالم الف | کالم ب |
|---|---|---|
| ۱ | تیراک بڑی تیزی سے ساتھ | کتابت کرتا ہے۔ (۲) |
| ۲ | کاتب | تیر رہے ہیں۔ (۱) |
| ۳ | رقاصہ | بڑی عمدہ ہے۔ (۴) |
| ۴ | استاد صاحب کی لکھائی | رقص کرنے میں مشغول ہے۔ (۳) |

سوال ۳ ذیل میں دیے گئے مصادر کے مشتق بنائیے۔

(On Pg no. 27)

| | مصدر | مشتق | | مصدر | مشتق |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | آنا | آنے والا | ۲ | پڑھنا | پڑھنے والا |
| ۳ | لکھنا | لکھنے والا | ۴ | چڑھنا | چڑھنے والا |

⇐ کہانی :- بے وقوف کوّا۔

ایک کوّا ایک ٹہنی پہ بیٹھا تھا۔ اس کی چونچ میں پنیر کا ٹکڑا تھا۔ نیچے سے ایک لومڑی نے دیکھا۔ اس کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اس نے کوّے سے کہا "کوّے بھائی ذرا مجھے اپنی سریلی آواز میں کائیں کا گیت سناو"۔ کوّا اپنی تعریف سن کر بہت خوش ہوا اور گیت گانے کے لیے چونچ کھولی۔ پنیر کا ٹکڑا نیچے گر پڑا۔ لومڑی جھٹ پنیر کا ٹکڑا لے کر بھاگ گئی۔

نتیجہ :- کسی کی خوشامد میں نہیں آنا چاہیئے۔

Scanned with CamScanner

⇐ مضمون :- اونٹ

اونٹ ایک پالتو جانور ہے۔ یہ زیادہ تر گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کا قد بہت اونچا ہوتا ہے۔ اس کی چار لمبی ٹانگیں ہوتی ہیں۔ اس کی گردن بھی بہت لمبی ہوتی ہے۔ اس کا سر چھوٹا اور دُم بھی بہت چھوٹی ہوتی ہے۔

اونٹ گھاس اور درختوں کے ہرے پتّے کھاتا ہے۔ یہ زیادہ تر ریگستانی سفر میں کام آتا ہے۔ اونٹ عام طور پر بوجھ اٹھانے کے کام آتا ہے۔ چوں کہ یہ دنوں اور ہفتوں ریگستان میں بوجھ اٹھاتے ہوئے سفر کرتا ہے اس لیے اس کو ریگستان کا جہاز کہتے ہیں۔ اونٹ آسانی سے ریت پر چل سکتا ہے کیوںکہ اس کے پاؤں پھیلے ہوتے ہیں اور وہ ریت میں دھنس نہیں جاتے۔ اونٹ نہایت ہی موزوں باربردار جانور ہے۔

⇐

| | واحد | جمع | | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | آئینہ | آئینے | ۵ | ستارہ | ستارے |
| ۲ | فصل | فصلیں | ۶ | چال | چالیں |
| ۳ | مرغی | مرغیاں | ۷ | تتلی | تتلیاں |
| ۴ | دُکان | دُکانات | ۸ | خدمت | خدمات |

⇐

| | لفظ | ضد | | لفظ | ضد |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | تبرا | سُبرا | ۳ | موٹا | پتلا |
| ۲ | خوشبو | بدبو | ۴ | پسند | ناپسند |

Scanned with CamScanner

| | لفظ | ضد | | لفظ | ضد |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | عالم | جاہل | ۷ | دھوپ | چھاؤں |
| ۶ | پاک | ناپاک | ۸ | مطلع | مقطع |

⇐ اپنے والد صاحب کے نام کتابوں اور وردی کیلئے رقم بھیجنے کے لئے درخواست لکھئے۔

راجباغ سرینگر

۲۵ جولائی ۲۰۲۱ء

پیارے ابا جان

اسلام علیکم

آپ یہ جان کر خوش ہوں گے کہ میں تیسری جماعت میں پاس ہوا / ہوئی اور چوتھی جماعت میں داخل ہوا / ہوئی۔ اب مجھے چوتھی جماعت کی کتابیں اور وردی خریدنی ہیں۔ اس لیے مہربانی کر کے میرے نام دو ہزار روپے روانہ کریں۔ تاکہ میں نئی کتابیں اور وردی خرید سکوں۔

آپ کی بیٹی / آپ کا بیٹا

ا۔ ب۔ ج

⇐

| | لفظ | مترادف | | لفظ | مترادف |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | بدن | جسم | ۵ | بخیل | کنجوس |
| ۲ | محبت | الفت | ۶ | فیاض | سخی |
| ۳ | ہرا | سبز | ۷ | ناقابل | نالائق |
| ۴ | بھکاری | گداگر | ۸ | عزیز | پیارا |

Scanned with CamScanner